"تم بہت بھولی ہو میری دوست! کوئی زبان اس وقت تک زندہ نہیں رہ سکتی جب تک وہ گھروں میں بچوں کی زبان نہ ہو۔ جب تک اس زبان میں بچوں کو لوریاں نہ سنائی جائیں، کہانیاں نہ سنائی جائیں۔ اور سب سے بڑی بات جو تم سمجھنے سے انکار کر رہی ہو وہ یہ ہے کہ بچے [illegible] تمہاری پہلی شکست اس وقت ہوتی ہے جب وہ تمہاری زبان بولنے سے انکار کر دیتا ہے اور تم اس کو ایک مادری زبان دینے میں ناکام ہو جاتی ہو۔ تو یوں سمجھو کہ تم اپنی زبان کا گلا اپنے ہاتھوں گھونٹ رہی ہو۔ تم شکست خوردہ ہو کر غیر زبان اپنا لیتی ہو۔ اور یقین کرو اس پہلی شکست کے بعد شکستیں تمہارا مقدر بن جائیں گی۔ تمہارا بچہ اپنے آپ کو خارج سمجھتا ہے اور تم آہستہ آہستہ مفتوح ہوتی چلی جاتی ہو۔ تم محسوس بھی نہیں کر سکتیں میری ---"

"لیکن ایک بات میری بھی سنو۔ تم کو معلوم ہے یہاں ہمارے چاروں طرف غیر زبان بولی جاتی ہے۔ ہمارے بچے سارا دن دوسروں کے پاس رہتے ہیں۔ [illegible] پھر اگر انہیں وہی زبان آسان لگتی ہے جو وہ اپنے گردوپیش سے سنتے ہیں، تو پھر میں یہ شکوہ کرنا کہ یہ ہماری کوتاہی ہے ذرا زیادتی معلوم ہوتی ہے۔ اور پھر دوسری بات یہ ہے کہ اگر وہ یہاں کی زبان نہیں سیکھیں گے تو ترقی نہیں کریں گے۔ تم ذرا ٹھنڈے دل سے سوچو تو سہی ..." میں نے اس کو [illegible] سمجھانا چاہا۔

"اسی انداز فکر پر تو مجھے زیادہ افسوس ہے۔ ان حالات میں جبکہ تمہاری زبان چاروں طرف سے گھری ہوئی ہے، تم پہ زیادہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ تم اپنے بچوں کو اپنی زبان سے محبت کرنا سکھاؤ۔ وہ احساس کمتری جو سراسر غلامی نے تمہارے اندر پیدا کر دیا ہے اس کو خدارا اپنے بچوں سے دور رکھو۔ وہ غیر زبان اور تہذیب میں سرتاپا رنگ جانے کے باوجود "مقامی" نہیں [illegible]۔ وہ ہمیشہ "پاکستانی" یا "ہندوستانی" ہی کہلائیں گے۔ اور ان کی سب سے بڑی بدقسمتی یہ ہوگی کہ ان کے پاس ان کی اپنی "کوئی" زبان نہ ہوگی۔ یہاں والوں کے لیے وہ "پردیسی" ہی رہیں گے۔ اور اپنے ملک جا کر وہ خود کو بھی اجنبی محسوس کریں گے۔ وہ ساری عمر احساس کمتری میں مبتلا رہیں گے۔ رہا ترقی کرنے کا سوال، تو بات یہ ہے کہ بچہ یہاں کی زبان تو سکول جاتے ہی سیکھنے لگے گا اور پھر اتنی روانی سے بولنے لگے گا کہ تم خود حیران رہ جاؤ گی۔ لیکن اردو سیکھنے کے لیے اس کو صرف ایک ہی موقعہ دستیاب ہے ---- "اپنا گھر" جہاں سے وہ اپنی زبان سیکھ سکتا ہے۔ یاد رکھو! جو قوم اپنی زبان بھول جاتی ہے وہ پھر اپنا کلچر بھی فراموش کر دیتی ہے۔ اور اردو زبان کے ساتھ برصغیر کے باشندوں کا عموماً اور مسلمانوں کا خصوصاً ایک تہذیبی و ثقافتی رابطہ ہے۔ ایک تاریخی حیثیت ہے جو اردو کو حاصل ہے اور تم اس کو بھلا رہی ہو۔ یہ تمہارے ایک ہزار سالہ سنہری دور کی یادگار ہے۔ وہ حلاوت اور سلاست جو تم اپنی زبان میں محسوس کرتی ہو بھلا اور کسی زبان میں بھی ہے؟ وہ تہذیب کے نقوش جو اردو زبان میں جگمگا رہے ہیں بھلا اس زبان میں بھی ہیں جس میں چھوٹے بڑے کا کوئی لحاظ نہیں؟ مگر تم پر تو بس ماڈرن بننے کی دھن سوار ہے۔ سرتاپا غیر ملکی تہذیب میں غرق ہو جانے کی آرزو ہے جو دل میں انگڑائیاں لے رہی ہے۔ تمہارے لیے [illegible] اپنانا ذرا مشکل ہے۔ مگر تمہاری انگریز نما اولاد، تمہاری خارج اولاد، اس پر آسانی سے قدم جما سکے گی ---- سوچتی ہوں کاش میں یہاں آئی ہی نہ ہوتی۔ اپنی آنکھوں سے اپنی ناقدری کا یہ تماشہ تو نہ دیکھتی۔ تم نے تو مجھے دودھ کی مکھی کی طرح نکال کر پھینک دیا ہے۔ گویا تم سے کبھی شناسائی ہی نہ تھی۔" اس کا لہجہ اداس ہو گیا۔

"میری پیاری دوست! میں تمہارے خیالات سے متفق ہوں۔ بتاؤ میں تمہاری کیا خدمت کر سکتی ہوں؟" میں نے نہایت خلوص سے پوچھا۔

"میری جانب سے میرے چاہنے والوں کو یہ پیغام دے دینا کہ خدارا مجھے دیار غیر میں رسوا نہ کریں۔ مجھے زندہ درگور نہ کریں۔ اپنے بچوں کو مجھ سے روشناس کرائیں۔ ان سے اردو میں گفتگو کریں اور لکھنا پڑھنا سکھائیں۔ [illegible] میں ناسور بن گیا ہے۔ میں سسک رہی ہوں ... میں سسک رہی ہوں۔ میں ان کے سامنے دم توڑ رہی ہوں اور وہ مسکرا رہے ہیں۔ میری قسمت تباہ ہے [illegible] ان کی توجہ چاہیے۔ ان سے کہنا کہ اپنے ہاتھوں سے میرا گلا نہ گھونٹیں ..." وہ سسکیاں لینے لگی ---

میرا دل بھر آیا --- میں چپکے سے [illegible] کاش میں یہ پیغام اردو بولنے والوں تک پہنچا سکوں! کاش وہ اپنی ذمہ داریاں محسوس کر سکیں ---!
کاش ---

اور [illegible]

●●

[illegible]

(۱)

[illegible]

(۲)

مناظر، پھیلے ہوئے جنگلوں کی ہموار چوٹی کہ کچھ بھلے لگتے ہیں،
زندگی، خاموشی اور پُرسکون پس منظر آتی ہے
شخصیتوں میں، سیدھے سادے بھلے لوگ، دل پسند ہوتے ہیں
اور رنگوں میں مٹیالے بھورے رنگ
میری پہاڑی علاقے کی دلفریب بیوی
پوچھتی ہے "پھر تم نے میرا کیوں انتخاب کیا؟"
میں آہستہ سے اپنی بھوری آنکھیں جھکا لیتا ہوں
کتنی ہی چیزیں دلفریب ہوتی ہیں
جنھیں لوگ نہیں سمجھتے۔

ولیم سٹیفورڈ

(۳)

اپنے محبوب کے ہاتھوں کو تھامو
دیکھو یہ نازک پنجرے ہیں
ننھی منی چڑیاں چہچہا رہی ہیں
دور سنسان جنگلوں میں
اور ہاتھ کی گہری وادیوں میں

رابرٹ بلائی

(۴)

محبت آہستہ آہستہ بوڑھی ہو گئی
آخرکار
[illegible]

عید بقر

از: یوسف جبریل

عیدالاضحیٰ کے مسائل



حالات کا تقاضا ہے کہ پھر رسم ابراہیمی کا اعادہ کیا جائے

People problems can be serious problems.

This is what Ontario is doing to help solve them in advance.

HUMAN RIGHTS COMMISSION

ONTARIO HUMAN RIGHTS COMMISSION

HAMILTON
1 West Avenue South
Postal Zone: L8N 2R9
Telephone: 527-2951

KENORA
808 Robertson Street
Postal Zone: P9N 1X9
Telephone: 468-3128

KITCHENER
824 King Street West
Postal Zone: N2G 1G1
Telephone: 744-7308

LONDON
560 Wellington Street
Postal Zone: N6A 3R4
Telephone: 438-6141

OTTAWA
2197 Riverside Drive
Postal Zone: K1H 7X3
Telephone: 731-2415

SAULT STE. MARIE
125 Brock Street
Postal Zone: P6A 3B6
Telephone: 949-3331

SUDBURY
1538 LaSalle Boulevard
Postal Zone: P3A 1Z7
Telephone: 566-3071

THUNDER BAY
435 James St. South
Postal Zone: P7E 6E3
Telephone: 475-1693

TORONTO
400 University Avenue
Postal Zone: M7A 1T7
Telephone: 965-6841

WINDSOR
500 Ouellette Avenue
Postal Zone: N9A 1B3
Telephone: 256-3611

Ontario Human Rights Commission
Ministry of Labour
Bette Stephenson, M.D., Minister

Province of Ontario
William Davis, Premier

سپیکر کو قومی اسمبلی سے منسلک فورسز استعمال کرنے کا اختیار حاصل ہے: سپیکر

اپوزیشن ممبران کے اخراج میں ایف ایس ایف استعمال نہیں کی گئی: خان قیوم

احمد رضا قصوری کی تحریک استحقاق پر غور کے دوران قومی اسمبلی کے ہنگامے پر بحث

اسلام آباد — ... قومی اسمبلی میں آج ۲۸ نومبر کو اپوزیشن کے اسمبلی سے نکالے جانے کے واقعہ پر بحث ہوئی اور سپیکر مسٹر فاروق علی خان نے اس بات کو تسلیم کیا کہ انہوں نے ... میاں محمود علی قصوری اور ملک سلیمان کو ایوان سے نکالنے کے لئے سارجنٹ ایٹ آرمز کو حکم دیا تھا ... سپیکر نے آج یہ بھی کہا کہ سپیکر کے احکامات پر عملدرآمد کے لئے سارجنٹ ایٹ آرمز قومی اسمبلی سے منسلک فورسز کو بھی استعمال کر سکتا ہے۔ تاہم ... عبدالقیوم خان نے اس بات سے انکار کیا کہ اس واقعہ کے دوران فیڈرل سیکورٹی فورس کو استعمال کیا گیا تھا ...

بھارت میں نظر بند کئے گئے پاکستانیوں کو جلد واپس لانے کی کوشش کی جا رہی ہے: عزیز احمد

اسلام آباد — ... بھارت میں نظر بند کئے گئے پاکستانیوں کو جلد واپس لانے کی کوشش کی جا رہی ہے ... مطابق بھارت میں متعدد پاکستانی شہری نظر بند ہیں تاہم ان کی صحیح تعداد معلوم نہیں۔

کونسل لیگ نے پاکستان مسلم لیگ میں شامل ہونے کا فیصلہ کر لیا

ادغام کی بات چیت میں کھوڑو اور راشدی نے بھی حصہ لیا

لاہور — (نمائندہ خصوصی) پاکستان مسلم لیگ اور کونسل مسلم لیگ میں ادغام کی بات چیت آج یہاں دونوں جماعتوں کے لیڈروں ... کے درمیان مکمل ہو گئی ... آج کونسل مسلم لیگ کے سربراہ میاں ممتاز دولتانہ نے ... کونسل مسلم لیگ اپنا الگ وجود ختم کر کے پاکستان مسلم لیگ میں مدغم ہو جائے گی ...

افغان انقلاب پسندوں نے بھاری مقدار میں اسلحہ اور آتشگیر مادہ لوٹ لیا

پشاور — ... تازہ اطلاعات کے مطابق افغانستان کے انقلابی حلقوں نے داؤد حکومت کے خلاف سرگرمیاں تیز کرنے کے لئے اسلحہ اور آتشیں مادے کی فراہمی شروع کر دی ہے ... کابل کے جنوب میں ... بہت سا اسلحہ اور آتشگیر مادہ لوٹ کر فرار ہو گئی ... سرکاری فوج کے ساتھ تصادم بھی ہوا ... مجروح ہو گئے اور ایک حملہ آور گرفتار ہو گیا۔

ٹرسٹ کے اخبارات پر اپوزیشن کی خبریں توڑ مروڑ کر چھاپنے کا الزام

لاہور — (نامہ نگار خصوصی) آج پنجاب اسمبلی میں نیشنل پریس ٹرسٹ کے روزناموں پر اپوزیشن کی خبریں حکومت کی ایما پر توڑ مروڑ کر شائع کرنے کا الزام عائد کیا گیا ...

مشکلات پر قابو پانے کے لئے سیاسی پارٹیوں کا اتحاد ضروری ہے

حکمران جماعت کی پالیسیوں پر کڑی نکتہ چینی

بنکاک میں مقیم بنگلہ دیشی فوجی افسر وطن واپس آ رہے ہیں

بریگیڈیئر مشرف نے ہم پر مجیب کے قتل کا الزام لگایا تھا: کرنل رشید

بنکاک — ... بنگلہ دیش کے ... فوجی افسر اپنے خاندانوں کے ... افراد کے ہمراہ بھاگ کر بنکاک چلے گئے ... انہیں توقع ہے کہ وہ جلد ہی اپنے وطن واپس چلے جائیں گے ...

ترک عوام پاکستانیوں کے حقیقی دوست ہیں: صدر فخری کوروترک

مجھے اہل لاہور سے مل کر دلی مسرت ہوئی ہے

صوبائی وزارا حکومت میں معزز مہمان کا شاندار استقبال

RELAY CINEMA ENTERPRISES

AT QUEEN ELIZABETH THEATRE, CNE

JANUARY 10, 197 AT

TICKETS: $5, $7, $8

FOR INFORMATION CALL 960-0833 OR 278-5947

لاہوری طرز کے لذیذ
"چھولے پوری"
سے لطف اندوز ہونے کے لئے ہر ہفتے کے روز صبح دس بجے سے شام چھ بجے تک تشریف لائیے۔

KOH-I-NOOR

CURRY CENTRE

99 DAVENPORT ROAD

KHALID BUKHARI

PHONE 923-2777

دیدہ زیب آرٹ ورک
اور
ٹائپ سیٹنگ کے لئے یاد رکھیئے

GR

Graphic Reproductions Limited

6 thorncliffe park drive, toronto, ontario,

imran a (ronnie) gill
president

phone: (416) 425 1836/1838

گاڑی کی ٹکر ہو جانے پر فکر نہ کیجئے۔ ظہیر میر گاڑیوں کی مرمت کرنے میں مہارت رکھتے ہیں۔

IF THIS Happens To You!

Expert Body Work

Spray Painting

General Collision Repairs

Guaranteed Work

FREE ESTIMATES

National AUTO BODY

614 Danforth Rd. (at Kennedy) 261-4262

سرزمین شمالی امریکہ سے شائع ہونے والا پہلا ادبی و تہذیبی رسالہ

سہ ماہی

نیا دور

SUBSCRIPTION RATES

$7.00 per year

$2.00 Annual Issue

PLEASE CONTACT

Sonali Jalibi

1065 Shady Hill

Columbus, Ohio

حزب اختلاف کی تمام جماعتوں کے سربراہوں کے اجلاس میں مسائل پر غور

اجلاس میں تحریک استقلال کے سربراہ اصغر خان بھی شریک ہوئے

قومی اسمبلی کے اجلاس کا بائیکاٹ جاری رکھنے پر اتفاق رائے پایا جاتا ہے

اسلام آباد ۔۔۔ پاکستان کی حزب اختلاف کی تمام جماعتوں کے سربراہوں کا ایک اہم اجلاس آج شام اسلام آباد کے گورنمنٹ ہاسٹل میں شروع ہوا ... تحریک استقلال کے سربراہ ایئر مارشل (ریٹائرڈ) اصغر خان ... [illegible]

[illegible]

خدا پاکستان کو ہمیشہ شگفتہ رکھے، ملکہ کو دو ترک

اسلام آباد ۔۔۔ [illegible]

ڈھاکہ میں پاکستانی سفارتخانہ

اگلے ہفتے کے وسط تک قائم کر دیا جائے گا

ڈھاکہ ۔۔۔ [illegible]

سرحد کے وزیر اعلیٰ نے سینئر وزیر

عنایت اللہ گنڈاپور کو برطرف کر دیا

گنڈاپور کے خلاف کارروائی

آئین کے آرٹیکل ۱۳۲ کے

تحت کی گئی ہے سرکاری اعلان

گنڈاپور اسمبلی میں الگ

گروپ قائم کر رہے تھے

پشاور ۔۔۔ [illegible]

کھر کے جلسے میں ہنگامہ، جھگڑے میں تین افراد ہلاک ہو گئے

پولیس کو لاٹھی چارج اور آنسو گیس کا استعمال کرنا پڑا

لاہور ۔۔۔ [illegible]

ہمارے اپنے سٹاف رپورٹر کے مطابق ....

(NEWS CENSORED)

ہم بنگلہ دیش کے معاملات سے لاتعلق نہیں رہ سکتے - اندرا

نئی دہلی ۔۔۔ [illegible]

FOR SALE

M. MUZAFFAR
REAL ESTATE BROKER
226-5454

MORTGAGES
APPRAISALS
COMPLETE SERVICES

نسیم مظفر بروکر

ہمیں آپ رہائشی، دیہاتی، کمرشل اور فارم وغیرہ کی جائیدادوں کی خرید و فروخت اور مارگیج کا بندوبست کرنے کے لیئے ہر وقت تیار پائیں گے۔

حکومت انٹاریو کی جانب سے ملنے والی پندرہ سو ڈالر کی گرانٹ کی وضاحت کے لیئے ہمیں فون کیجئے۔

2901 BAYVIEW AVENUE, WILLOWDALE, ONTARIO M2K 1E6

(Bayview Village Plaza, Suite 219)

MEMBER OF THE TORONTO REAL ESTATE BOARD

KIRBY TRAVEL SERVICE INC.

THE ONLY IATA APPROVED PAKISTANI
TRAVEL AGENT IN NORTH AMERICA
is pleased to announce
THE OPENING OF A TORONTO BRANCH

CAPITOL TRAVEL

741 BROADVIEW AVE.
TORONTO, ONT. M4K 3Y3
Tel. 465-5411 465-5412

TO SERVE YOU BETTER WE OFFER:

1. Cheapest Air Fares for Pakistan
2. Domestic & International Travel
3. Package Tours, Hotels and Car Rentals
4. Fly now pay later plans
5. Immigration, passport and visa information and assistance
6. EXPORT of cars, electrical appliances direct from Europe to Pakistan through our subsidiary
HAFIZSONS
P.O. Box 953
Windsor, Ontario

Capitol Travel
"WORLD WIDE TRAVEL"

NOW 3 OFFICES AT YOUR SERVICE

KIRBY TRAVEL
1919 Commonwealth Bldg
Detroit, Michigan 48226
Telephone: 963 3965

CAPITOL TRAVEL
741 Broadview Ave., Suite 306
Toronto, Ontario M4K 3Y3
Telephone: 465 5411

CAPITOL TRAVEL
1228 Wyandotte St. ...
Windsor, Ontario N9A 3K5
Telephone: 256 0654

ہم اپنے کرم فرماؤں کو عید مبارک پیش کرتے ہیں

سنت ابراہیمی کے شایان شان عظیم سیل

حلال گوشت

پورا بکرا ایک ڈالر ۳۵ سینٹ فی پونڈ اور قتلہ حصہ
ایک ڈالر ۲۵ سینٹ تا ایک ڈالر ۵۵ سینٹ فی پونڈ
مرغ ۸۰ سینٹ فی پونڈ
بادام ایک ڈالر ۳۵ سینٹ فی پونڈ
چپاتی آٹا ساڑھے دس ڈالر برائے پونڈ بیگ
اینگل پٹنہ چاول چھ ڈالر ۳۹ سینٹ برائے ۲۵ پونڈ بیگ

تشریف لائیے اور ملاحظہ فرمائیے

اختتام سیل ۱۳ دسمبر ۷۵ء

ڈلیوری مفت

PICK-N-SAVE

Phone:
636-1358
756 WILSON AVE
WEST of DUFFERIN

کھر نے اپنے دورِ اقتدار میں بدترین آمریت کی مثال قائم کی ہے

سابق وزیر اعلیٰ پر عائد الزامات کی فہرست بہت طویل ہے: حنیف اللہ چیمہ

لاہور ـــــ پیپلز پارٹی وزیر محنت، صحت، سماجی بہبود اور آبادی کی منصوبہ بندی کے وفاقی وزیر جناب حنیف اللہ چیمہ نے کہا ہے کہ پنجاب کھر کی جاگیر نہیں ہے اور مسٹر کھر کا یہ دعویٰ کہ وہ پنجاب کے حقوق کے لئے جدوجہد کر رہے ہیں اتنا ہی مضحکہ خیز ہے جتنی مضحکہ خیز ان کی پنجاب کے عوام میں سیاسی نام نہاد شہرت۔ وہ آج سہ پہر شاہدرہ بلال گنج کے میدان میں ایک جلسے سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ مسٹر کھر کو اچانک رات پنجاب کے حقوق کا درد ستانے لگا جب کہ گزشتہ ساڑھے تین سال سے انہوں نے پنجاب کے حقوق کو جس طرح پامال کیا ہے وہ نہ صرف قابل مذمت ہے ...

چیمہ نے کہا کہ اس شخص کو گزشتہ ساڑھے تین سال میں ... جیلیں آباد اور خود ان ساڑھے تین برسوں میں انہوں نے بدترین آمریت اور مطلق العنانی کی مثال قائم کی ہے۔ مسٹر کھر جب وزیر اعلیٰ تھے تو صوبائی اسمبلی میں ان کے خلاف اپوزیشن کی تحریکوں کی بھرمار ہوتی تھی اور طلباء، محنت کشوں اور صحافیوں پر مظالم کے الزامات لگائے جاتے تھے آج وہ انہی کے محافظ ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں۔ مسٹر چیمہ نے کہا کہ ... مسٹر کھر کے خلاف الزامات عائد کئے ہیں کہ ان کی فہرست ختم نہیں ہوتی۔ ... چیمہ کو کھر صاحب کے پاس کوئی جواب نہ تھا۔



وطن عزیز جاتے ہوئے اپنے عزیزوں، رشتہ داروں کے لئے تحفہ لے جانا ایک مشرقی رسم ہے۔ ایک اچھا تحفہ اعلیٰ ذوق اور دانشمندی کی دلیل ہے۔
مشہور کمپنیوں کے بنے ہوئے ۲۲۰ وولٹ کے ریفریجریٹر، ٹی وی، ریڈیو، ٹیپ ریکارڈر وغیرہ یورپ سے براہ راست پاکستان بھجوانے کیلئے
خوابوں کی تعبیر، خواہشوں کی تکمیل کا مرکز

AAlice International
Unique Trade & Commerce
3240 Bloor St.,W.,Suite #5A
Toronto, Ont. CANADA M8X 1E4
Tel:(416)231-1766 & 459-0820

ڈیلیپا سکوٹرز بھی دستیاب ہیں

تیل کے ذخائر سے جلد از جلد استفادہ کیا جائے: وزیر اعظم بھٹو

ترقی پذیر ملکوں میں تعاون کی جتنی ضرورت آج ہے پہلے کبھی نہ تھی

پاکستان میں ۳۶ ارب بیرل قابل حصول تیل موجود ہے: یوسف خٹک

کراچی ـــــ (اے پی پی) وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے اندرون ملک تیل کے مزید وسائل تلاش کرنے کے لئے بہترین کوششوں اور پہلے سے دریافت شدہ وسائل کے جلد از جلد حصول کی ضرورت پر زور دیا ہے ... بین الاقوامی مجلس مذاکرہ میں وزیر اعظم کا ایک پیغام پڑھ کر سنایا گیا ...

چاہے کچھ ہو جائے ہم اپنا راستہ کبھی تبدیل نہیں کریں گے، اندرا

نئی دہلی ـــــ (رائٹر) مسز اندرا گاندھی نے بتایا ہے کہ چاہے کچھ بھی ہو جائے بھارت اس راستے سے نہیں ہٹے گا جو وہ اپنا چکا ہے ...

پاکستان میں آئندہ دو برس کے دوران عام انتخابات کرائے جائیں گے

پارلیمانی نظام سے انحراف مجیب کے لئے افسوسناک انجام کا باعث بنا: بھٹو

تہران ـــــ (اے ایف پی) وزیر اعظم پاکستان مسٹر ذوالفقار علی بھٹو نے کہا ہے کہ آئندہ دو برس کے دوران پاکستان میں عام انتخابات منعقد کرا دیئے جائیں گے ... انتخابات کس قدر جلد ہوں گے ...

کریسنٹ
کو
اپنے دوستوں ...
سے
متعارف کرائیے

WILL PROVIDE FRESH HALAL GOAT, LAMB, BEEF, VEAL, CHICKEN MEATS, ALL KINDS OF DALLS, SPICES, PICKLES, FRESH VEGETABLES AND TROPICAL FRUITS AND HUNDREDS OF OTHER ITEMS.

حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں

ہیملٹن میں حلال گوشت کی

پہلی دکان

فریزر میں ذخیرہ کرنے کا گوشت ہم سے کم قیمت پر طلب فرمائیے

Asian
Food Market
414 KING STREET EAST
at VICTORIA AVE
HAMILTON
PHONE: 528-8184

Please Visit Us for
FRESH HALAL MEATS, ALL KINDS OF SPICES, ALL KINDS OF DALLS, PICKELS, FRESH VEGETABLES & TROPICAL FRUITS ETC.ETC.

PANDORA VARIETY
118 PANDORA AVE., N., KITCHENER, ONT.
PHONE: 744-4041
OPEN DAILY FROM 9.00 AM TO 10.00 PM
ON WEDNESDAY OPEN FROM 6.00PM TO 10.00PM ONLY

پندرہ روزہ
کریسنٹ
ٹورنٹو کینیڈا

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۔

سنو اللہ کے دوستوں کو نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے (القرآن)

بنگالیوں کی نگاہوں میں شیخ مجیب بھارت کا ایجنٹ تھا ـــــ!

کویت کے "ڈیلی نیوز" کے عبدالحمید العطار کا مقالہ

تلخیص و ترجمہ: [illegible]

میں نے اپنے پانچ روزہ قیام ڈھاکہ میں یونیورسٹی پروفیسروں، برطرف شدہ فوجی افسروں اور عام شہریوں سے بڑی لمبی لمبی ملاقاتیں کیں اور ان میں سے ہر ایک شیخ مجیب الرحمٰن کے دور حکومت کو ایک زبان منحوس دور قرار دیتا اور اس دور کی شدت سے مذمت کرتا ہوا پایا گیا۔ سب کے سب شیخ مجیب کی حکومت کے عہد میں بنگالی کے ہاتھوں بری طرح زخم خوردہ معلوم ہوتے تھے ان کا شکوہ تھا کہ روزمرہ کی ضروریات کے نرخ آسمان کو پہنچ گئے تھے۔ سب اس بات پر متفق تھے کہ مشرقی پاکستان کے پاکستان سے علیحدہ ہو جانے کے بعد اشیاء کی قیمتوں میں دس گنا اضافہ ہو گیا تھا۔ اور سب کا الزام یہ تھا کہ پاکستان سے کٹنے کے بعد بنگلہ دیش کی تمام اشیاء بھارت کو سمگل ہونا شروع ہو گئی تھیں۔ میں بنگلہ دیش کے تمام ذرائع اور وسائل پر بھارتی کنٹرول کی تفصیلات سن کر ششدر رہ گیا جن کی وجہ سے بھارت حقیقی معنوں میں بنگلہ دیش کے لئے دوامی طلسمی ڈریکولا بن گیا تھا جو سب کچھ ہڑپ کر جایا کرتا تھا۔

شیخ مجیب کی حکمرانی والا بنگلہ دیش کرپشن، بدعنوانیوں، رشوت، انتہائی افراتفری اور بدنظمی اور انتظامی نظام کا گہوارہ بن گیا تھا۔ فوجی افسروں کو محض ذاتی اسباب کی بنا پر برطرف کر دیا جاتا تھا اور فوج کے سینئر افسروں میں بری طرح تصادم ہوتے رہتے تھے۔ ملک میں حالات کے معمول پر آجانے کی کوئی صورت نظر نہ آتی تھی اور بنگلہ دیش یقینی طور پر خانہ جنگی اور خون خرابے کی فضا سے دوچار ہوتا دکھائی دے رہا تھا۔

انقلاب سے پہلے کی فوج

مسلح افواج سے افسروں کی بھاری تعداد کو اس وقت برطرف کر دیا گیا جن کا مطالبہ یہ تھا کہ مسلم بنگلہ دیش بھارت اور کمیونسٹ روس کی قیادت اور تسلط سے آزاد اور خود مختار رہے۔ ان برطرفیوں کا ردعمل یقینی تھا۔ چنانچہ مجیب کی حکومت کا تختہ الٹنے کے لئے سازشیں اور منصوبہ بندیاں ہوئیں کیونکہ فوج مجیب کو بھارتی ایجنٹ قرار دے چکی تھی اور بنگالی فوج کو اسلحہ سے لیس کرنے کے سلسلے میں روس نے بھارت کے ساتھ تعاون یا اشتراک عمل نہ کیا تو حالات اور بھی بدتر ہو گئے۔

بنگلہ دیش کی فوج کے پاس صرف، ایک جنگی طیارے، تین ٹی ۵۴ ٹینک، چند فوجی گاڑیاں اور ہلکے ہتھیار ہیں جو اسے مصر نے مہیا کئے تھے۔ بنگلہ دیش میں فضائیہ کے چار سو میر [illegible] اور فوج کے تین ہزار سپاہی تھے جو متعدد یونٹوں میں متعین تھے اور یہ سب کے سب روسی افسر تھے اور ان میں سے بعض بجلی اور تعمیر و ترقی کے منصوبوں کے نام سے یہ خدمات انجام دے رہے تھے۔ بھارت، مصر اور روس کے مابین بنگلہ دیش میں یہ صورت حال برقرار رکھنے پر اتفاق ہو گیا لیکن بھارت نے اپنی خاص فوج بھی وہاں متعین کر دی۔

راکھی باہنی

بھارتی فوج کو راکھی باہنی کا نام دیا گیا تھا۔ [illegible] صورت حال کو بہت زیادہ بگاڑ دیا۔ اس بھارتی فوج نے تقریباً ۵ ہزار بنگالیوں کو فوجی تربیت دے کر انہیں مجیب کی حکومت کے تحفظ کے لیے جدید ترین اسلحہ سے مسلح کر دیا [illegible] راکھی باہنی ہر جگہ مجیب حکومت کو سنبھالا دینے [illegible]

ڈھاکہ میں بہت سے لوگوں کو [illegible] غلام مصطفیٰ اور میجر ولیم کے نام سنتے ہی [illegible] میجر ولیم کا اصل نام [illegible] تک معلوم نہیں ہو سکا مگر یہ وہی ہیں جو ۱۵ اگست ۱۹۷۵ء کے انقلاب کے بانی اور کرتا دھرتا تھے۔ غلام مصطفیٰ جو اس وقت بنگلہ دیش میں [illegible] بنگلہ دیش میں سب سے بڑا بدمعاش مشہور ہے۔ [illegible] کے لئے سیاسی [illegible]

غلام مصطفیٰ کو میجر ولیم اور اس کی حسین بیوی [illegible]

شادی کی ایک ضیافت میں ملاقات ہوئی اور اس نے میجر ولیم کی بیوی پر قابو حاصل کرنے کے لیے زبردست کوششیں شروع کر دیں۔ میجر ولیم کو جب یہ قصہ معلوم ہوا تو اس نے نہ صرف اپنی حسین بیوی سے غلام مصطفیٰ کے منہ پر سب کے سامنے تھپڑ ہی رسید کرایا بلکہ سب کے سامنے اسے خود بھی برا بھلا کہا اور اس پاداش میں میجر ولیم کو اگلے روز فوج سے برطرف کر دیا گیا چنانچہ میجر ولیم نے دیگر برطرف شدہ فوجی افسروں سے رابطہ قائم کیا اور حکومت کے خلاف سرگرمیاں شروع کر دیں۔

انقلاب ڈھاکہ سے عین پہلے

ملک میں جس تیزی سے صورت حال بگڑتی چلی جا رہی تھی اس کے نتیجے میں فوری تبدیلیاں لانے کی ضرورت محسوس کی گئی اور اس پروگرام پر عمل درآمد شروع ہو گیا۔ انقلاب ڈھاکہ سے صرف چند دن پیشتر ڈھاکہ میں کئی ہنگامے ہوئے اور سب سے بڑا ہنگامہ یونیورسٹی کی اس تقریب میں ہوا جس میں مجیب کو یونیورسٹی کے صدر ہونے کا اعزاز دیا جانا ہے۔ یہ تقریب ۱۵ اگست کو منعقد ہونے والی تھی۔

انقلاب

کہا جاتا ہے کہ اس تقریب کے موقع پر جو انقلاب برپا کیا گیا اس کا کرتا دھرتا میجر ولیم ہی تھا جس نے برطرف شدہ اعلیٰ فوجی افسروں کو اپنے ساتھ ملا لیا ہوا تھا اور فوجی انقلاب ۱۵ اگست کو صبح کے ساڑھے چار بجے آیا۔ اور ایک بریگیڈ [illegible] ٹینک بھی تھے۔ اس محل پر دھاوا بول دیا جس میں مجیب اور اس کا کنبہ اور اس کے نوکروں کی بیویاں اور بچے رہتے تھے۔ اور بعض نے ابھی ابھی شادیاں کی تھیں۔

راکھی باہنی کے پہرہ داروں کے ساتھ معمولی سے مقابلے کے بعد کچھ فوجی محل میں گھس گئے۔ ان میں سے کچھ مارے بھی گئے۔ لیکن انہوں نے مجیب، اس کی اہلیہ اور دس سالہ بچے کو جو گولی چلنے کی وجہ معلوم کرنے کے لیے کمروں سے نکلے تھے بھون کر رکھ دیا اور بعد میں محل میں موجود سب افراد کو ہلاک کر دیا۔ اس قتل عام کے بعد کچھ فوجیوں نے مجیب کے بھائیوں اور بھتیجوں کے ہاں پہنچ کر انہیں بھی موت کے گھاٹ اتار دیا۔

غلام مصطفیٰ کا فرار

اس کام سے فارغ ہو کر میجر ولیم ایک ٹینک کو اپنے ساتھ چلنے کا حکم دے کر ایک فوجی گاڑی میں غازی غلام مصطفیٰ کے گھر پہنچا لیکن غلام مصطفیٰ کسی نہ کسی طرح فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔ اس کی تلاش ابھی تک جاری ہے۔ یہ سارا انقلاب لانے میں میجر ولیم کے علاوہ پانچ اور فوجی افسر شامل تھے۔ یہ انقلاب نوے منٹ میں لایا گیا جس میں مجیب اور اس کے کنبے کو ہلاک کر دیا گیا۔

اس خونیں انقلاب سے جرنیل کچھ گھبرا گئے اور ان میں سے بعض نے ردعمل بھی دکھانا چاہا۔ لیکن بعد میں انہوں نے حسب ذیل وجوہ کی بنا پر اپنے ارادے ترک کر دیئے اور اپنے جذبات پر قابو پایا۔

تاکہ فوج اور عوام میں تصادم اور خونریزی شروع نہ ہو جائے۔

ـــ بھارت کو [illegible]

بھارت کو بنگلہ دیش میں مداخلت کا بہانہ ہاتھ آجائے گا [illegible] بنگلہ دیش پر بھارت کا قبضہ ہو جائے گا۔

راکھی باہنی کا خاتمہ

[illegible] کی حمایت اور وفادار راکھی باہنی [illegible] کو بنگلہ دیش کے مختلف علاقوں کے دفاع اور تنصیبات کی حفاظت کے لیے متعین کیا گیا تھا بلکہ اسی [illegible] کوئی دفاع نہ کیا اور اس کے

بہت سے [illegible] ہو کر غائب ہو گئے۔ بنگلہ دیش کے عوام کا کہنا ہے کہ مجیب کی حکومت کو فوج سے کوئی خطرہ نہ تھا لیکن بھارت تو [illegible] زیادہ [illegible] کر گیا کہ اس کی مخصوص فوج [illegible] مجیب حکومت کے [illegible] بھی ختم کر دے گی۔

خلیج فارس کی ایک اسلامی مملکت کے سفارتخانہ کا کردار

کہا جاتا ہے کہ ۱۴ اور ۱۵ اگست کی درمیانی شب کو خلیج فارس کی ایک عرب امارت کے سفارتخانے میں پارٹی تھی جس میں چند جونیئر فوجی افسروں کو بھی مدعو کیا گیا تھا۔

امارت کے سفیر اور ان بنگالی فوجی افسروں میں بعض دوستانہ تعلقات تھے اور آپس میں کسی قسم کی سیاسی یا فوجی سازش نہیں تھی۔ بلکہ یہ تعلقات اس امارت کے سفیر کی اس امداد اور غیر بنگالی کے جذبات کا نتیجہ تھے جن کا مظاہرہ سفارتی عہدوں پر متاثرہ افراد کے علاوہ ہر ایک کے لیے جو بلند رہتا تھا۔ ابھی رات کے دس بجکر [illegible] منٹ ہی ہوئے تھے کہ فوجی افسروں نے رخصت ہونے کے لیے معذرت کرتے ہوئے کہا کہ انہیں ایک نہایت ضروری فرض ادا کرنا ہے جس کے متعلق کل صبح سب کو علم ہو چکا ہوگا۔

انقلاب برپا کرنے والے لیڈر

کئی برطرف شدہ فوجی افسروں کے انٹرویو لینے کے بعد جن میں سے بعض پھر فوج میں واپس لے لیے گئے تھے اور کئی غیر ملکی سفارتی نمائندوں اور دانشوروں سے انٹرویو لینے کے بعد میں نے یہ اخذ کیا کہ بنگلہ دیش میں انقلاب لانے والے لیڈر سب کے سب ایسے افراد ہیں جو بنگلہ دیش کو مکمل طور پر آزاد اور خود مختار دیکھنا چاہتے تھے۔ یہ لوگ گوارا نہیں کرتے تھے کہ ان کے وطن پر روس یا بھارت کا کسی قسم کا بھی تسلط ہو کیونکہ ان کا ملک بھارت اور روس کے ساتھ دوستی [illegible] کے پہلے ہی کافی مصائب جھیل چکا تھا۔

وہ یہ چاہتے تھے کہ بنگلہ دیش کے ذرائع اور وسائل سے کام لے کر اور انہیں مجتمع کر کے عوام اور ملک کے فائدے کے لیے استعمال کیا جائے اور وہ یہ بھی چاہتے ہیں کہ ان کے وطن کو ایک بار پھر ایک اسلامی مملکت کی حیثیت حاصل ہو جائے۔

ان کی خارجہ حکمت یہ ہے کہ بنگلہ دیش کے تعلقات اسلامی اور عرب ملکوں کے ساتھ استوار ہوں اور بھارت کے ساتھ بھی اچھے اور شریف ہمسایوں کی طرح دوستی قائم رہے۔ وہ امریکہ کے ساتھ بھی اچھے اور متوازن روابط رکھنا چاہتے ہیں اور روس اور چین اور دوسرے ملکوں کے ساتھ بھی ایسے ہی تعلقات کے روادار ہیں۔

در بصیرت

سیرت علیؓ — حضرت علیؓ

حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ جناب رسالتمآبؐ نے مجھ سے فرمایا: "تجھ میں عیسیٰؑ سے ایک مشابہت ہے۔ یہودیوں نے انہیں اس قدر برا کیا کہ ان کی والدہ (صدیقہ) پر تہمت لگا دی۔ اور نصاریٰ نے انہیں اتنا پسندیدہ و محبوب قرار دیا کہ انہیں اس درجہ پر پہنچا دیا جو ان کے لیے ثابت نہیں (یعنی خدا بنا دیا یا خدا کا بیٹا بنا دیا) تیرے معاملہ میں بھی دو شخص (جماعتیں) ہلاک ہوں گے۔ ایک وہ جو تجھ میں ایسی خوبیاں بتائے گا جو تجھ میں نہ ہوں گی۔ اور دوسرا وہ جو تیرا دشمن ہوگا اور تجھ پر بہتان باندھے گا۔" (مشکوٰۃ المصابیح)

حضرت علیؓ کی شخصیت میں ایسے اوصاف جمع ہیں، جو بہت کم ایک جگہ ملتے ہیں۔ مثلاً شجاعت۔ فصاحت۔ عدالت۔ تقویٰ۔ آپ کی شجاعت مسلم ہے۔ بدر و احد میں آپ کی تیغ جوہردار نے کفار کی صفوں کی صفیں الٹ دیں۔ خندق و خیبر میں آپؓ نے عرب کے نامی گرامی پہلوانوں کا سر خاک میں ملایا۔ آپ کی فصاحت کی دھوم تھی۔ علم نحو کی بنیاد آپ نے رکھی۔ مقدمات کا فیصلہ کرنے میں آپ کو خاص ملکہ حاصل تھا۔ تقویٰ کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ سوائے ایک کے تصوف کے جتنے سلسلے ہیں حضرت علیؓ کے ذریعہ سے جناب رسالتمآبؐ تک پہنچتے ہیں۔

اگرچہ اس وقت آپ کی عمر بارہ برس تھی مگر اسلام قبول کرنے میں اولیت کا شرف آپؓ ہی کو ہے۔ دوسرا شرف جناب رسالتمآبؐ کے گھر میں پلنے اور آنحضرتؐ کے زیر سایہ تربیت حاصل کرنے کا ہے۔ تیسرا شرف یہ ہے کہ ہجرت کے بعد مدینہ منورہ میں جب حضورؐ نے مہاجرین اور انصار میں رشتہ اخوت قائم فرمایا۔ تو آنحضرتؐ نے حضرت علیؓ کو کسی انصاری سے منسلک نہ فرمایا۔ جب حضرت علیؓ نے اس بارہ میں عرض کی تو حضورؐ نے فرمایا: تو دنیا و آخرت میں میرا بھائی ہے۔ چوتھا شرف یہ ہے کہ حضورؐ نے فرمایا کہ مومن حضرت علیؓ سے محبت رکھے گا، اور منافق آپؓ سے بغض و عداوت رکھے گا۔

حضرت علیؓ اور آپؓ کے جلیل القدر صاحبزادگان نے اپنی ساری عمر اسلام کی سربلندی کے لیے لگا دی۔ اسلام ہی کے لیے جئے اور اسلام ہی کے لیے جانیں قربان کر دیں۔ ان کی شان اس سے بہت بلند تھی کہ ذاتی وقار یا اقتدار کا خیال بھی انہیں آ سکتا۔ وہ کوہ پیکر اور آہنی عزم کے انسان تھے۔ ان کی صلح بھی اسلام کے لیے تھی۔ جنگ بھی اسلام کے لیے تھی۔ کلہ بزم ہو یا رزم ہو پاک دل و پاکباز

محنت میں عظمت

(وحید موحد)

ایک دفعہ ایک مفلوک الحال صحابی حضور آنحضرتؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ سے مدد کی درخواست کی۔ آپ نے فرمایا۔ تمہارے پاس کچھ ہے؟ انہوں نے جواب دیا جی، صرف ایک ٹاٹ کا ٹکڑا اوڑھنے بچھانے کے لئے اور ایک پیالہ پانی پینے کے لئے ہے۔ آپ نے فرمایا کہ ان دونوں چیزوں کو میرے پاس لے آؤ۔ چنانچہ وہ دونوں چیزیں لے آئے۔ آپ نے نیلام فرمایا بولی ایک درہم لگی۔ آپ نے زیادہ قیمت چاہی دو درہم قیمت پر بولی ختم ہو گئی۔ آپ نے سائل کو قیمت دیتے ہوئے فرمایا کہ ایک درہم [illegible] لاؤ۔ چنانچہ جب وہ کلہاڑی لے آئے آپ نے خود اپنے دست مبارک سے کلہاڑی میں دستہ لگایا اور فرمایا کہ جاؤ جنگل سے لکڑیاں کاٹ کر فروخت کرو۔ اور پندرہ روز سے پہلے میرے پاس مت آنا۔ چنانچہ انہوں نے پندرہ روز میں دس درہم کی لکڑیاں فروخت کیں۔ جن میں سے کچھ کا کپڑا اور کچھ کا کھانا خریدا۔ حسب حکم پندرہ روز کے بعد پھر حاضر خدمت ہوئے تو آپ نے فرمایا یہ ذلت آمیز مانگنے سے جس کی وجہ سے قیامت میں چہرہ داغدار ہو جاتا۔ محنت مزدوری کر کے کمانا بہتر ہے۔

حکایت رومیؒ
عجیب و غریب قسم کا شیر

جیسے اہل اسلام کے ساتھ منسلک ہے جو سلوک روا رکھا جا رہا ہے اور ان کے احکام و نواہی کو ایک ایک کر کے مختلف حیلوں بہانوں سے جس طرح زندگی کے شعبوں سے خارج کیا جا رہا ہے اس پر ذیل کی حکایت بہت حد تک صادق آتی اور ہماری خوئے بد کی نشاندہی کرتی ہے۔ مولانا فرماتے ہیں:

ایک حکایت سنو! اہل قزوین میں رسم ہے کہ جسم کے مختلف حصوں جیسے ہاتھ اور بازو پر شیر، چیتے وغیرہ کی تصویریں گدوا لیتے ہیں۔ اسی سلسلے میں ایک قزوینی کسی حجام کے پاس گیا اور کہا کہ [illegible] حجام نے پوچھا [illegible] کس شکل کا نقش [illegible] چونکہ میرا طالع شیر کا ہے اسی لئے نقش بھی شیر کا چاہیے۔ ساتھ ہی یہ تاکید بھی کی کہ بہت ہی خوبصورت نقش ہونا چاہیے اور اس میں رنگ خوب گہرا ہو۔ حجام نے پوچھا اچھا! شیر کی تصویر کہاں گودوں؟ جواب دیا کہ شانے پر گودو [illegible] شیر کی تصویر سے میری ہمت بڑھے اور میرے اندر جرأت پیدا ہو۔

اب حجام اپنا کام کرنے لگا اور جب اس نے سوئی چبھونی شروع کی تو درد اس شخص کے شانے میں [illegible] اس پر اس شخص نے چیخ کر [illegible] حجام نے کہا آپ نے شیر کی تصویر گودنے کو کہا تھا۔ اس شخص نے [illegible] حجام نے کہا میں نے دم سے شروع کیا۔ وہ شخص بولا کہ دم کو چھوڑ دے [illegible] اگر شیر بے دم کا بھی ہو تو کیا ہرج ہے [illegible] تب حجام نے نقش کے دوسرے رخ سوئی مارنی شروع کی۔ وہ شخص [illegible] پوچھا کہ شیر کا یہ کون سا عضو [illegible] حجام نے کہا حضرت یہ تو صرف اس کا کان ہے [illegible] اسے کان کی ضرورت نہیں [illegible] اب حجام نے نقش کے ایک تیسرے رخ سوئی چبھونی شروع کی۔ اس شخص نے پھر [illegible] کہ یہ شیر کے جسم کا کون سا حصہ ہے؟ حجام نے جواب دیا یہ پیٹ کا حصہ ہے۔ اس شخص نے کہا [illegible] شیر کے پیٹ کی بھی کیا ضرورت [illegible]

یہ سن کر حجام کا چہرہ مارے غصے کے تمتمانے لگا اور وہ بہت دیر تک [illegible] زمین پر سوئی پھینک کر کہا کہ دنیا میں کسی کو بھی ایسا سابقہ پڑا ہے؟ سب بے دم، بے سر اور بے پیٹ کا شیر کس نے دیکھا ہے؟ ایسا شیر تو خدا نے بھی نہیں پیدا کیا۔

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

جلد نمبر ۱ شمارہ نمبر ۱۸/۱۷ — پندرہ روزہ **کریسنٹ** ٹورانٹو کینیڈا — ۱۵ نومبر تا ۳۰ نومبر ۱۹۷۷ء

پاکستان، ترکی اور ایران کو دفاعی سامان میں خود کفالت حاصل کرنے کے لئے مؤثر اقدامات کرنے چاہئیں

تینوں ممالک کو کسٹم یونین قائم کر لینی چاہیے

کنفیڈریشن کے لئے رضاکارانہ سیاسی عمل درکار ہوتا ہے، وزیر اعظم بھٹو

اسلام آباد — اے پی پی ...

بنیادی پر کرنا ہوگا ... مرحلہ آسکتا ہے جب تینوں برادر ملک ایک ہو جائیں گے ... کوئی فیڈریشن یا کنفیڈریشن بنانے پر غور کر سکیں گے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ اس مرحلے پر کسی اس قسم کے سوال کا جواب دینے سے غیر ضروری بحث چھڑ سکتی ہے اور کسی شبہ کی گنجائش ... بھٹو نے کہا میں اپنے ذاتی تجربے سے اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ فیڈریشن یا کنفیڈریشن تعاون و مرکزیت کی اسی مقدار کی بنیاد پر قائم کی جا سکتی ہے جو اس قسم کے نظام میں شامل ہونے والے ملکوں میں پہلے ہی موجود ہو۔ اگر صورت حال یہ نہ ہو اور اگر کسی قسم کا ادارہ غیر قدرتی حالات میں قائم کیا جائے تو اس کا شیرازہ منتشر ہو جاتا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ اس قسم کے انتظامات اس سمت میں ایک رضاکارانہ سیاسی عمل کی بنیاد پر پکے ہوں گے۔ وزیر اعظم نے کہا ایک مرحلے پر دو میں نے ایک ایسی سلطنت ... قائم کرنے کی کوشش کی تھی جس میں شامل ... کا باہم جنگ کرنے کی مخالفت ہو۔ ہٹلر نے بھی ... کے نام سے ایک ایسی ہی عالمی ریاست قائم کرنے کی کوشش کی تھی۔ نپولین یہ مقصد طاقت کے استعمال کے ذریعے حاصل کرنا چاہتا تھا لیکن جدید دور کے انسان کو حالات کی اس قسم کی یکسانیت میسر نہیں ہے جو عالمی انسان کو در مختلف و متضاد رجحانات کا سامنا ہے لیکن فیڈریشن اور کنفیڈریشنوں کا قیام ادھورا ہوگی ... وزیر اعظم نے کہا یہ رجحانات صرف ترقی پذیر ملکوں تک ہی ...

... عام اقتصادی دوست کی صورت حال پر تبادلۂ خیال کیا ... ان تمام معاملات پر ان کی مشترکہ بات چیت ... ایک ...

بنگلہ دیش کی فوج میں ضبط و نظم بحال کر لیا گیا ہے

... سے قبل مذاکرات کے دوران ترکی کے وزیر اعظم بھٹو سے بات چیت کر رہے ہیں

"حالات معمول پر آ رہے ہیں"

امریکی دفتر خارجہ کا بیان

ڈھاکہ — روائٹر: بنگلہ دیش کے صدر ابو سادات محمد صائم نے بھارت کی وزیر اعظم مسز اندرا گاندھی کو پیغام بھیجا ہے۔ انہوں نے یہ پیغام گزشتہ پیر کو مسز گاندھی کی ۶۰ ویں سالگرہ کے سلسلے میں بھیجا تھا۔ امریکہ کے دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ بنگلہ دیش کی فوج میں گزشتہ دو ہفتوں کے دوران گڑبڑ رہی ہے لیکن اب صورت حال معمول کے مطابق واپس آ رہی ہے۔ دفتر خارجہ کے ایک ترجمان رابرٹ فیلڈ نے بنگلہ دیش آرمی کے نوٹی انقلاب سے متعلق ایک خبر پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ڈھاکہ کے امریکی سفارت خانے نے اطلاع دی ہے کہ گزشتہ دو ہفتوں کے دوران بنگلہ دیش کی فوج کو ڈھاکہ اور دوسرے مقامات پر ضبط و نظم برقرار رکھنے کے سلسلے میں کچھ مشکلات درپیش تھیں۔ اب ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ضبط و نظم بحال کر لیا گیا ہے اور حالات معمول کی طرف واپس آ رہے ہیں۔ "واشنگٹن پوسٹ" کے نامہ نگار لیوس سائمنز نے ڈھاکہ کے حوالے سے ایک خبر دی ہے کہ بغاوتوں کے ایک سلسلے کی وجہ سے فوج کی کمان کی تنظیم درہم برہم ہو گئی ہے اور دو نومبر کی بغاوت میں ۲۰۰ افسر اور تقریباً ایک سو فوجی جن میں بعض کی بیویاں اور بچے بھی شامل ہیں مارے گئے ہیں۔ دفتر خارجہ کے ترجمان نے اس خبر پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ در اصل کچھ فوجی افسر اور دوسرے لوگ مارے گئے تھے لیکن ہم اس کی تصدیق حاصل نہیں کر سکے۔

آئین میں چوتھی ترمیم ایک جماعتی مقننہ کی پیداوار ہے

انتظامیہ کو عدلیہ پر فوقیت دے دی گئی ہے، ملک غلام مصطفیٰ کھر



لاہور — اے پی پی: مسلم لیگی لیڈر ملک غلام مصطفیٰ کھر نے آئین میں چوتھی ترمیم کی نکتہ چینی کرتے ہوئے اسے یک جماعتی مقننہ کی پیداوار قرار دیا ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ عدلیہ کو اس کے مسلمہ حقوق و اختیارات سے محروم کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا اب حکومت اپنے مخالفین کے خلاف ڈیفنس آف پاکستان رولز، تحفظ امن عامہ کے آرڈیننس اور پاکستان سیکورٹی ایکٹ جیسے کالے قوانین کے تحت من مانی کارروائی کر سکے گی۔ ملک غلام مصطفیٰ کھر نے کہا کہ عدلیہ کو ان وسیع اختیارات سے محروم کر دیا گیا ہے جو اسے حکومت اور اس کے گماشتوں کو شہریوں کے حقوق کی خلاف ورزی سے باز رکھنے کے لئے حاصل تھے۔ انہوں نے کہا کہ حکمران طبقہ ملک میں شخصی حکومت کے قیام کے لئے جو کوشش کر رہا ہے، ملک کا ہر شہری اس کے خلاف مزاحمت کرے گا۔

بیان میں کہا گیا ہے کہ ... قومی اسمبلی کے ... جبر ... کی حیثیت یک جماعتی مقننہ کی ... حکمران جماعت نے قانون ساز اسمبلی کو ... کر کے رکھ دیا ہے۔ یہ آئینی ترمیم جو حکومت کی ہدایت پر پولیس کے تشدد سے ... قطعی ...

... اختیارات سے محروم کر دیا گیا ہے جنہیں وہ ... شہریوں کو ... جمہوری اور سیاسی مقدمات میں ملوث کرنے سے محفوظ رکھنے کے لئے بروئے کار لا سکتی تھی کیونکہ اب ان خطرات سے دوچار افراد قانونی چارہ جوئی نہیں کر سکیں گے۔ اب پولیس کے ذریعے سیاسی مخالفین کو چند صاحب بیانات کی کارروائیاں کی جائیں گی جن کا ان قوانین کے تحت فرضی مقدمات میں دھر لیا جائے گا اور وہ انتظامی نظر بندی کے قوانین کے تحت گرفتاری کے بعد بھی عدالت سے فوری انصاف کے حصول کے قابل نہ ہو سکیں گے ...

کینیڈا میں محکمۂ ڈاک کی ہڑتال

کینیڈا کی تاریخ میں محکمۂ ڈاک کی طویل ترین ہڑتال کی بناء پر "کریسنٹ" کا ۱۵ نومبر کا شمارہ شائع نہ ہو سکا۔ جس کے لئے ہم اپنے قارئین سے معذرت خواہ ہیں۔ اس کی تلافی کے لئے ہم اپنے مستقل خریداروں کو میعاد چندہ ختم ہونے کے بعد ایک شمارہ زائد روانہ کریں گے۔

(ادارہ)

Please subscribe to the Crescent, a Pakistani English/Urdu Newspaper

SUBSCRIPTION RATES:

☐ 1 Year Air Mail/1st Class $ 8.00
☐ 2 Years Air Mail/1st Class $14.00
☐ 6 Months Air Mail/1st Class $ 5.00

FORTNIGHTLY
Crescent
338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6
Telephone: (416) 49 . . .

Name
Address
Postal Code
Telephone No.

پاک لیبیا مشترکہ ایوان تجارت قائم ہو گیا

مشترکہ منصوبوں کے لیے رقم کے حصول میں کوئی دقت نہیں ہو گی

کراچی — اے پی پی: آج یہاں لیبیا کے تجارتی وفد اور وفاق ایوان ہائے صنعت و تجارت کی پاکستان فیڈریشن کے صدر نے پاک لیبیا ایوان تجارت کے آئین پر دستخط کر دیئے ہیں اور اس طرح پاکستان اور لیبیا کا مشترکہ ایوان تجارت معرض وجود میں آ گیا ہے۔ ادارے کا مقصد دونوں ملکوں کے درمیان برادرانہ تعلقات اور اقتصادی تعاون کو فروغ دینا ہے۔

مشترکہ ایوان تجارت کا صدر دفتر طرابلس میں ہو گا جبکہ اس کا سیکرٹریٹ کبھی پاکستان میں اور کبھی لیبیا میں کام کرے گا۔ لیبیا کے وفد کے لیڈر مسٹر ... نے بتایا کہ میرا ملک پاکستان کے ساتھ مشترکہ منصوبوں پر عمل کرنا چاہتا ہے۔

میری خواہش ہے کہ پاک روس مراسم مستحکم ہو جائیں

بھٹو کے نام روسی وزیر اعظم کا پیغام

اسلام آباد — اے پی پی: روس کے وزیر اعظم مسٹر کوسیگن نے وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کے نام بھیجے گئے ایک مراسلے میں پاکستان کے ساتھ دوستانہ تعلقات اور تعلقات بڑھانے کی خواہش کا اظہار کیا ہے۔ یہ مراسلہ اس پیغام کے جواب میں بھیجا گیا ہے جو وزیر اعظم بھٹو نے روسی انقلاب کی ۵۸ ویں سالگرہ کے موقع پر بھیجا تھا۔ پیغام بھیجنے پر وزیر اعظم بھٹو کا شکریہ ادا کرتے ہوئے مسٹر کوسیگن نے کہا میری خواہش یہ ہے کہ عالمی امن اور پاکستان اور روس کے عوام کے مفادات کی خاطر دونوں ممالک کی دوستی اور تعلقات کو مستحکم بنایا جانا چاہیے۔ میری دعا ہے کہ آپ بخیر و عافیت رہیں اور پاکستانی عوام امن اور ترقی کی راہ میں چلتے ہوئے نئی نئی منزلیں طے کرتے رہیں۔

بنگلہ دیش سے دوستی برقرار رکھنے کی شرط

نئی دہلی — اے این آئی: وزیر خارجہ سردار ... نے کہا ہے کہ اگر بنگلہ دیش کسی اور ملک کے زیر اثر نہ آیا تو بھارت اس کے تعلقات ٹھیک رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم بنگلہ دیش کے دوست رہے ہیں اور اب بھی ہیں ... بنگلہ دیش کی حکومت کا ... جا رہا ہے۔